4523 ـ محرم کے بغیر عورت کا سفر

سوال

مجھے علم ہے کہ عورت کے لیےایک دن اور رات کا سفرمحرم کے بغیر کرنا حرام ہے ، کیا عورت کے لیے جائز ہے کہ اسے جہاز تک محرم پہنچا آئے اورجہاز سے اترتے وقت دوسرا محرم اسے لے آئے ؟
یہ سارا سفردس گھنٹے میں ہوگا

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

عورت کے لیے بغیرمحرم کے سفرکرنا جائز نہیں اس کی دلیل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کےمندرجہ ذیل فرمان کا عموم ہے :

(اللہ تعالی اورآخرت کے دن پرایمان رکھنے والی عورت کےلیے محرم کے بغیرسفرکرنا حلال نہیں) ۔

اورمحرم کی موجودگی کا ھدف اورمقصد عورت کی حفاظت اوردیکھ بھال اوراس کےمعاملہ کونپٹانا ہے اورخاص کرجب کوئي نقصان دینے والے معاملات پیدا ہوجائیں ، اورسفرتواس سے بھرا پڑا ہے اس میں مدت کونہیں دیکھا جائےگا بلکہ لوگ جسے سفر کہتے ہیں وہ اسی طرح ہے ، اوراس وقت اس پرسفرکے احکامات لاگو ہونگے ۔

آپ محارم کے احکام کی مزید تفصیل دیکھنے کےلیے سوال نمبر (5538) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں ۔

واللہ اعلم .